

روزنامہ
# حقیقت ٹائمز
مظفر پور

Urdu Daily Muzaffarpr
**HAKIKAT TIMES**
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
**हकीकत टाइम्स**

P-6

P-2



Muzaffarpur, Vol.No12, Issues No.171, Saturday 28.06.2025, P-08 Rs-02 RNI NO.BIHURD/2013/50085 مظفر پور: سنیچر ۲۸/جون ۲۰۲۵، مطابق ۲/محرم الحرام ۱۴۴۷ھ، جلد نمبر ۱۲، شمارہ نمبر ۱۷۱


## آئین سے آر ایس ایس کے لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے: راہل

نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف اور کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کو آئین مخالف قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئین پر ان کے تازہ بیان سے اس نظریہ کے لوگوں کا نقاب ایک بار پھر سے اتر گیا ہے مسٹر گاندھی نے جمعہ کو سوشل میڈیا فیس بک پر ایک پوسٹ میں کہا، "آئین انہیں تکلیف



پہنچاتا ہے کیونکہ یہ مساوات، سیکولرازم اور انصاف کی بات کرتا ہے۔ آر ایس ایس-بی جے پی کو آئین نہیں، مانوسمرتی چاہئے۔ وہ بہوجنوں اور غریبوں کو ان کے حقوق چھین کر دوبارہ غلام بنانا چاہتے ہیں۔ ان کا اصل ایجنڈا آئین جیسا طاقتور ہتھیار چھیننا ہے۔" انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس اور بی جے پی کے لوگ آئین کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں لیکن انہیں ایسا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اس لیے وہ اس کے بارے میں خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔ انہوں نے کہا، آر ایس ایس یہ خواب دیکھنا بند کر دے۔ ہم انہیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ہر محب وطن ہندوستانی آخری سانس تک آئین کی حفاظت کرے گا۔" مسٹر گاندھی کا یہ تبصرہ آر ایس ایس کے جنرل سکریٹری دتاتریہ ہوسابلے اور مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے آئین کے دیباچے سے سوشلسٹ او سیکولر کے الفاظ کو ہٹانے کا مطالبہ کرنے کے بعد آیا اور کہا کہ سیکولرازم ہماری ثقافت کا مرکز نہیں ہے اس لیے ان الفاظ کو آئین کے دیباچے سے ہٹا دیا جانا چاہیے۔

## ہند-چین سرحد پر مستقل امن کیلئے پیچیدہ مسائل کا حل ضروری: راجناتھ



نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ہند چین سرحد پر مستقل امن اور خوشگوار ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے زیر التوا پیچیدہ مسائل کو خاکہ بند طریقہ کار کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے چین کے شہر چنگ ڈاؤ میں جمعرات کے روز شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ کے موقع پر چین کے وزیر دفاع ایڈمرل ڈونگ جون کے ساتھ دوطرفہ ملاقات میں مسٹر راجناتھ سنگھ نے باہمی متفقہ میکانزم کو دوبارہ فعال کر کے سرحدی تنازعات کے مستقل حل پر زور دیا۔ وزارت دفاع نے جمعہ کے روز ایک بیان جاری کر کے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے ہند-چین سرحد پر امن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر گہرائی سے بات چیت کی۔ مسٹر راجناتھ سنگھ نے دوطرفہ تعلقات میں معمول کو بحال کرنے کے واسطے دونوں طرف سے کئے جانے والے کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے مستقل رابطہ برقرار رکھنے اور کشیدگی کو کم کرنے کے لیے خاکہ بند طریقہ کار کے ذریعے پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر دفاع نے باہمی تال میل بڑھا کر براعظم ایشیا اور دنیا بھر میں مشترکہ فائدے اور استحکام کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ مسٹر راجناتھ سنگھ نے 2020 کے سرحدی تعطل کے بعد پیدا ہونے والے عدم اعتماد کو دور کرنے کے لیے زمینی سطح پر اقدامات کرنے پر بھی زور دیا۔

## صدر جمہوریہ نے ایم ایس ایم ای ڈے 2025-انٹرپرینیور انڈیا کا افتتاح کیا

نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جمعہ کے روز ایم ایس ایم ای ڈے 2025-انٹرپرینیور انڈیا کا افتتاح کیا اور کریڈٹ گارنٹی فنڈ ٹرسٹ کا ڈاک ٹکٹ جاری کیا۔ قومی راجدھانی میں منعقدہ تقریب میں محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ چھوٹی صنعتیں ہندوستانی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور ان سے آبادی کے بڑے حصے کو روزی روٹی کے ذرائع فراہم ہوتے ہیں۔ حکومت چھوٹے تاجروں کو سرمایہ فراہم کر رہی ہے۔ انہیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ صدر جمہوریہ نے کریڈٹ گارنٹی فنڈ ٹرسٹ کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر خصوصی ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ انہوں نے آن لائن ڈسپیوٹ ریزولوشن (او ڈی آر) پورٹل کی نقاب کشائی کی۔ محترمہ دروپدی مرمو نے ایم ایس ایم ای ہیکاتھون 0.5 بھی لانچ کیا۔ پروگرام میں ہیکاتھون 0.4 کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔

## آرکسٹرا گروپوں کے ریگولیشن اور نگرانی پر حکومت دو ہفتوں میں جواب دے: پٹنہ ہائی کورٹ




پٹنہ، 27 جون (یو این آئی) بہار میں آرکسٹرا گروپوں میں اسمگلنگ کے ذریعے لائی جانے والی نابالغ لڑکیوں کے جنسی استحصال اور ان کی ہراسانی پر قدغن لگانے کے لیے پٹنہ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے اور آرکسٹرا اور دیگر ڈانس گروپوں کے ریگولیشن کے سلسلے میں دو ہفتوں میں جواب داخل کرنے کے لئے کہا ہے پٹنہ ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس جسٹس آشوتوش کمار اور جسٹس پارتھ سارتھی نے 18 سال سے کم عمر لڑکیوں کی اسمگلنگ کو سنگین قرار دیتے ہوئے ریاستی حکومت کو اس پر فوری کارروائی کرنے اور دو ہفتوں کے اندر حلف نامہ داخل کرنے کا حکم دیا۔ جسٹ رائٹس فار چلڈرن کی قانونی مشیر رچنا تیاگی نے ہائی کورٹ کی جانب سے نوٹس جاری کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ کمزور اور بے سہارا لڑکیوں کے تحفظ اور ان کے وقار کو یقینی بنانے کی سمت بڑا اہم قدم ہے۔ انھوں نے کہا کہ آرکسٹرا گروپ لڑکیوں کی اسمگلنگ اور استحصال کا آلہ بن چکے ہیں۔ ان کی روک تھام، انھیں ضابطہ بند اور ان کی نگرانی کرنے اور متاثرہ لڑکیوں کی بحالی کے لیے ایک جامع منصوبہ بندی کی ضرورت کافی عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی۔ ہمیں امید ہے کہ ہائی کورٹ کے اس نوٹس کے بعد ریاستی حکومت ان متاثرہ لڑکیوں کے تحفظ، بحالی اور ان آرکسٹرا گروپوں میں لڑکیوں کے استحصال کو روکنے کے لیے ٹھوس قدم اٹھائے گی۔ خیال رہے کہ بہار میں آرکسٹرا گروپس میں نابالغ لڑکیوں کے بڑے پیمانے پر استحصال کے پیش نظر حقوق اطفال کے تحفظ اور ان کی بحالی کے لیے ملک کے 418 اضلاع میں کام کرنے والی 250 سے زیادہ سول سوسائٹی تنظیموں کے سب سے بڑے نیٹ ورک جسٹ رائٹ فار چلڈرن (جے آر سی) نے اپنی عرضی میں ہائی کورٹ سے اپیل کی ہے کہ اسے روکنے کے لیے فوری طور پر ریاستی سطح پر رابطہ کاری کا طریقہ کار بنایا جائے۔ جسٹ رائٹس فار چلڈرن نے ہائی کورٹ میں عبوری درخواست دی تھی، جس میں ریاستی حکومت کو تمام فریقوں کے ساتھ مل کر ایک جامع اور مربوط ایکشن پلان تیار کرنے، آرکسٹرا گروپوں کو ضابطہ بند، ان کی نگرانی اور متاثرین کو بہار متاثرین معاوضہ اسکیم، 2014 (2019 میں ترمیم) کی تجاویز کے مطابق معاوضے اور باز آبادکاری کی ہدایت دینے کی اپیل کی گئی تھی۔ اس عبوری درخواست پر غور کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو فوری کارروائی کرنے اور دو ہفتوں کے اندر حلف نامہ داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

## بینک 3 ماہ کی مالیاتی شمولیت سیچوریشن مہم میں فعال طور پر حصہ لیں: سیتا رمن



نئی دہلی 27 جون (یو این آئی) وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے جمعہ کو پبلک سیکٹر کے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ اگلے تین مہینوں تک چلائی جانے والی مالیاتی شمولیت سیچوریشن مہم میں فعال طور پر حصہ لیں۔ محترمہ سیتا رمن نے یہاں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں مالیاتی پیرامیٹرز، قرض لینے، مالی شمولیت، کسٹمر سروس، شکایات کا ازالہ، ڈیجیٹل بینکنگ اور سائبر سیکورٹی سمیت کلیدی شعبوں میں پبلک سیکٹر بینکوں (پی ایس بی) کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ پنکج چودھری، سکریٹری، مالیاتی خدمات کے محکمے ایم ناگراجو، پبلک سیکٹر کے بینکوں کے ایم ڈیز اور مالیاتی خدمات کے محکمے (ڈی ایف ایس) کے سینئر افسران نے میٹنگ میں شرکت کی۔ اس دوران محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ یکم جولائی 2025 سے شروع ہونے والی اس مہم میں تمام بینکوں کو فعال طور پر حصہ لینا ہے۔ اس میں 7.2 لاکھ گرام پنچایتوں اور شہری مقامی اداروں کو شامل کیا جائے گا۔ یہ مہم کے وائی سی، ری کے وائی سی اور غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کے سلسلے میں شہریوں کی مدد پر بھی توجہ مرکوز کرے گی۔ بینکوں کو ہدایت دی گئی کہ وہ ایم ایس ایم سی کے لیے نئے کریڈٹ اپریزل ماڈل کے نفاذ کو مضبوط کریں۔ وزیر خزانہ نے حالیہ برسوں اور خاص طور پر مالی سال 2024-25 میں پی ایس بی کی مضبوط مالی کارکردگی کا اعتراف کیا۔ میٹنگ کے دوران یہ بات نوٹ کی گئی کہ مالی سال 2022-23 سے مالی سال 2024-25 تک، پبلک سیکٹر بینکوں (پی ایس بی) کا مجموعی کاروبار 203 لاکھ کروڑ سے بڑھ کر 251 لاکھ کروڑ ہو گیا۔ مالی سال 2022-23 سے مالی سال 2024-25 کے دوران، پی ایس بی کا خالص این پی اے 24.1 فیصد سے کم ہو کر 52.0 فیصد ہو گیا۔ خالص منافع 04.1 لاکھ کروڑ سے بڑھ کر 78.1 لاکھ کروڑ ہو گیا اور ڈیویڈنڈ کی ادائیگی 964,20 کروڑ سے بڑھ کر 990,34 کروڑ ہو گئی۔ وزیر خزانہ کو یہ بھی بتایا گیا کہ مارچ 2025 تک سی آر اے آر 15.16 فیصد کے ساتھ، پبلک سیکٹر کے بینکوں کے پاس کافی سرمایہ ہے۔ ڈپازٹ اور کریڈٹ کے رجحانات کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر خزانہ نے جاری کریڈٹ گروتھ کو سپورٹ کرنے کے لیے ڈپازٹ کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ پبلک سیکٹر کے بینکوں کو خصوصی مہم چلانے، اپنے برانچ نیٹ ورک کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے اور نیم شہری اور دیہی علاقوں میں رسائی بڑھانے کا مشورہ دیا گیا۔ محترمہ سیتا رمن نے پبلک سیکٹر بینکوں (پی ایس بی) سے درخواست کی کہ وہ اگلی دہائی کے لیے ابھرتے ہوئے تجارتی ترقی کے شعبوں کی فعال طور پر نشاندہی کریں جو پی ایس بی کے لیے منافع اور ترقی میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ مضبوط انڈر رائٹنگ اور رسک مینجمنٹ کے معیارات کو برقرار رکھنے پر خصوصی توجہ کے ساتھ پیداواری شعبوں کو کارپوریٹ قرضے دینے پر بھی زور دیا گیا۔

## ہندستان کے ساتھ بہت بڑا تجارتی معاہدہ ہوسکتا ہے: ٹرمپ

نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان کا ملک ہندوستان کے ساتھ بہت بڑا تجارتی معاہدہ کر سکتا ہے صدر کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ہندستان کا ایک اعلیٰ سطحی وفد تجارتی مذاکرات کے آخری دور کے لیے واشنگٹن گیا ہوا ہے صدر ٹرمپ نے حال ہی میں ہندستان پر اضافی 26 فیصد درآمدی ڈیوٹی عائد کی تھی لیکن ہندستانی حکومت کے موقف کے پیش نظر



اسے 9 جولائی تک ملتوی کر دیا گیا تھا جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان تجارتی معاہدے پر بات چیت شروع ہو گئی۔ مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ ہندوستان امریکی اشیا پر زیادہ درآمدی ڈیوٹی لگاتا ہے جبکہ یہ ڈیوٹی امریکہ کی طرف سے کم ہے۔ وائٹ ہاؤس میں ایک پروگرام میں مسٹر ٹرمپ نے کہا کہ چین کے ساتھ تجارتی معاہدہ ہو چکا ہے اور اسی طرح کا تجارتی معاہدہ ہندوستان کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے۔ صدر نے کہا، ہندوستان کے ساتھ ایک معاہدہ ہو سکتا ہے... ہم ہندستان کے ساتھ ویسا ہی معاہدہ کرنے جا رہے ہیں جیسا کہ ہم نے چین کے ساتھ کیا ہے۔ ہم نے ابھی چین کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے۔ ہم سب کے ساتھ ڈیل نہیں کرنے والے ہیں۔ لیکن ہم کچھ بہترین معاہدے کر رہے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ہندستان کے ساتھ بہت بڑا معاہدہ کیا جائے۔" ہندوستان امریکہ کی طرف سے عائد اضافی 26 فیصد ڈیوٹی سے مکمل چھوٹ اور ٹیکسٹائل، جواہرات اور زیورات، چمڑے کے سامان پر ڈیوٹی میں رعایت چاہتا ہے۔ تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے گزشتہ ماہ کہا تھا کہ ہندوستان اور امریکہ ایک غیر جانبدارانہ اور معقول تجارتی معاہدے پر بات کر رہے ہیں جس سے دونوں ممالک کو فائدہ ہوگا۔

## ملک میں ایک خاندان کو اہمیت دینے کیلئے آئین اور جمہوریت کو کچل دیا گیا: جے شنکر



نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایمرجنسی کے معاملے پر جمعہ کو کانگریس اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ایک خاندان کو اہمیت دینے کے لیے آئین اور جمہوریت کو کچل دیا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ ایمرجنسی سے ہونے والے نقصان کے علاوہ نوجوان نسل کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہئے کہ اس دور میں آئین اور جمہوریت کو کس طرح کچلا گیا۔ انہوں نے کہا،" جب ملک میں ایمرجنسی لگائی گئی تو میں نے ایک نوجوان کے طور پر کیا دیکھا اور اس سے کیا سبق سیکھا۔ اس کے ساتھ میں نے آج بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی دہلی یونٹ کی طرف سے منعقدہ فرضی پارلیمنٹ (ماک پارلیمنٹ) میں اس وقت کے حالات اور میڈیا کے اثر و رسوخ کے بارے میں اپنے خیالات بھی پیش کیے"۔ انہوں نے کہا،" ہم نے ملک میں ایمرجنسی کے اثرات، آئین اور جمہوریت کے قتل، عالمی سطح پر ہماری شبیہہ کو کس طرح داغدار کیا، اس کے ساتھ ساتھ ملک کے سیاسی بحران اور ایمرجنسی سے ہونے والے نقصان پر بھی بات کی۔" ایک سوال کے جواب میں وزیر خارجہ نے کہا کہ ملک میں ایمرجنسی لگانے کی ایک اہم وجہ یہ تھی کہ ملک پر ایک خاندان کو فوقیت دی گئی لیکن آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ قومی مفاد سب سے آگے جا رہا ہے، میں یہ کہتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں کہ ملک کی مختلف جماعتوں کے اراکین پارلیمنٹ نے مختلف ممالک میں ملک کی نمائندگی کی اور سب نے پیغام دیا کہ ہندستان مزید دہشت گردی برداشت نہیں کر سکتا، اگر دہشت گردی کی بات ہو گی تو حکمران جماعت اور اپوزیشن مل کر ہندستانی عوام کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔" انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ ہاتھ میں آئین کی کاپی لے کر گھومتے ہیں لیکن دل کے جذبات مختلف ہیں۔ کیا کانگریس نے کبھی ایمرجنسی کے لیے معافی مانگی، جس میں اس نے آئین اور جمہوریت دونوں کا گلا گھونٹ دیا؟ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی کوئی بحث کا معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ آئین اور جمہوریت، میڈیا اور سیاست کو کچلنے کا ایک سیاہ باب ہے اور آج اپوزیشن گزشتہ 11 سال کو غیر اعلانیہ ایمرجنسی کی بات کر رہی ہے، میں انہیں صاف صاف بتا دوں کہ اگر ایمرجنسی ہوتی تو نہ پارلیمنٹ چلتی اور نہ ہی حکومت پر سوال اٹھانے والوں کو بخشا جاتا کیونکہ کانگریس کے دور میں ایسا ہی ہوا تھا۔ اس دوران دہلی بی جے پی کے صدر وریندر سچدیوا، میڈیا ہیڈ پروین شنکر، دہلی بی جے پی یوا مورچہ کے صدر ساگر تیاگی، ریاستی ترجمان یاسر جیلانی اور دہلی بی جے پی یوا مورچہ کے میڈیا ہیڈ شبھم ملک بھی موجود تھے۔

## وزیر اعلیٰ دیہی ٹرانسپورٹ منصوبہ کا اثر، 45 ہزار دیہی نوجوان خود روزگار سے منسلک

پٹنہ، 27 جون 2025 بہار حکومت نوجوانوں کو خود روزگار فراہم کرنے کی سمت میں تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ دیہی ٹرانسپورٹ منصوبہ کے ذریعے ریاست کے دور دراز دیہاتوں میں نوجوانوں کے مستقبل کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ سے موصولہ اطلاع کے مطابق اسکیم کے 11ویں مرحلے میں جون 2024 سے اب تک ایس سی، ایس ٹی اور انتہائی پسماندہ طبقات کے تین ہزار 500 سے زیادہ دیہی نوجوانوں نے گاڑیاں خریدنے کے لیے درخواست دی ہیں۔ ان میں سے تقریباً 900 نوجوانوں نے گاڑیاں خریدی ہیں جبکہ دیگر مستحقین کو گرانٹ دینے کا عمل جاری ہے۔ سال 2018 سے نافذ چیف منسٹر گرام ٹرانسپورٹ منصوبہ کے تحت کل 55 ہزار گاڑیوں کی خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا۔ گزشتہ سات برسوں میں تقریباً 45 ہزار دیہی نوجوانوں نے گاڑیاں خریدیں، جبکہ باقی نوجوانوں کے لیے گاڑیاں خریدنے اور اس پر سبسڈی دینے کا عمل جاری ہے۔ ریاست کی فی پنچایت ایس سی، ایس ٹی کے چار اور انتہائی پسماندہ طبقے کے تین مستفیدین کو سبسڈی کی رقم دی جا رہی ہے۔ ریاستی حکومت ممکنہ گاڑیوں کی خریداری کی قیمت کا 50 فیصد یا زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ روپے کی کل سبسڈی دے رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ای رکشہ اور عام مسافر گاڑیوں کی خریداری پر قیمت خرید کا 50 فیصد یا زیادہ سے زیادہ 70 ہزار روپے سبسڈی کی رقم براہ راست مستفید ہونے والوں کے بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جا رہی ہے۔ کووڈ 19 وبائی امراض کے دوران ایمبولینس گاڑی کی خریداری پر زیادہ سے زیادہ دو لاکھ روپے کی سبسڈی دی جا رہی تھی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے سکریٹری ڈاکٹر سندیپ کمار آر پڈکل کٹی نے کہا کہ یہ اسکیم نہ صرف گاؤں والوں کو بلاک اور ضلع ہیڈ کوارٹر سے جوڑ رہی ہے بلکہ سماجی اور معاشی طور پر کمزور طبقات کو خود انحصار بنانے میں بھی اہم رول ادا کر رہی ہے۔ محکمہ اس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ ہر پنچایت میں اہل مستحقین کو فائدہ ملے۔

## بحریہ کے سربراہ نے 51 نیول اہلکاروں کو بہادری اور دیگر اعزازات سے نوازا

نئی دہلی 27 جون (یو این آئی) بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے جمعہ کو یہاں 51 بحریہ کے اہلکاروں کو صدر جمہوریہ کی جانب سے بہادری اور ممتاز خدمات کے اعزازات سے نوازا۔ بحریہ کے سربراہ نے نو تعمیر شدہ نوسینا بھون میں منعقدہ پہلی نیول انویسٹیچر تقریب میں بہادری، قیادت، پیشہ ورانہ کامیابیوں اور بحریہ کے اہلکاروں کی ممتاز خدمات کو اعزازات سے نوازا۔ تقریب میں مجموعی طور پر 51 بحریہ کے اہلکاروں کو اعزازات سے نوازا گیا جن میں ایک یودھ سیوا میڈل، تیرہ بحری تمغے (بہادری)، آٹھ بحریہ کے تمغے (ڈیوٹی کے تئیں لگن) اور 17 وششٹ سیوا میڈل شامل ہیں۔ ایڈمرل ترپاٹھی نے ہنڈن نہر میں ایک شخص کو ڈوبنے سے بچانے کے لیے دھرمیر سنگھ نیگی، سابق پی او ای ایل (پی) کو جیون رکھشا میڈل، فلائٹ سیفٹی کو فروغ دینے کے لیے کیپٹن روی دھیر میموریل میڈل اور الیکٹرانکس اور کمپیوٹر کے اطلاقی ذرائع کے شعبے میں شاندار تحقیق کے لیے لیفٹیننٹ وی کے جین میموریل میڈل بھی دیا۔ بہترین گرین پریکٹس کے لیے سی این ایس ٹرافی کو بالترتیب صنعتی اور غیر صنعتی زمروں میں میٹریل آرگنائزیشن (ویزاگ) اور آئی این ایس شیواجی کو دیا گیا۔ سی این ایس نے گزشتہ سال کی شاندار خدمات کے لیے مختلف یونٹس کو یونٹ تعریفی سرٹیفکیٹ بھی دئے۔ آپریشنل یونٹ کے زمرے میں ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں آئی این ایس شیوالک، ترشول، کرن اور فلائٹ اسکواڈرن آئی این اے ایس 316 شامل تھے۔ ساحلی اداروں کے زمرے میں ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں آئی این ایس ستواہن، راجلی اور تونیر شامل ہیں۔ اس موقع پر ایڈمرل ترپاٹھی نے ایوارڈز حاصل کرنے والوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ موقع خاص اہمیت کا حامل ہے اور ساتھ ہی بحریہ کی جانب سے اپنے اہلکاروں کی بہادری اور فرض شناسی کی شاندار کارروائیوں کا باضابطہ اعتراف بھی ہے۔ تقریب میں ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے اہل خانہ اور ہندوستانی بحریہ کے سینئر معززین نے شرکت کی۔

## ڈائریا سے بچاؤ کے لیے 'اسٹاپ ڈائریا مہم' چلائی جائے گی: منگل

پٹنہ، 27 جون (یو این آئی) بہار کے وزیر صحت منگل پانڈے نے آج کہا کہ بچوں کی صحت اور بچوں میں اسہال کی روک تھام کے مقصد سے ریاست میں 'اسٹاپ ڈائریا مہم 2025' چلائی جائے گی۔ مسٹر پانڈے نے جمعہ کو یہاں بتایا کہ یہ مہم 15 جولائی سے شروع ہوگی۔ یہ مہم دو ماہ یعنی 14 ستمبر تک چلائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دو ماہ کی اس مہم کے دوران پانچ سال تک کے بچوں میں او آر ایس



کے پیکٹ اور زنک کی گولیاں تقسیم کی جائیں گی اور ان کے والدین کو ڈائریا کنٹرول سے متعلق معلومات فراہم کی جائیں گی۔ مسٹر پانڈے نے کہا کہ اسہال کی روک تھام اور علاج کے لیے او آر ایس اور زنک کی بروقت فراہمی اور تقسیم ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ او آر ایس اور زنک کے بروقت استعمال سے شیر خوار بچوں میں ڈائریا سے ہونے والی اموات کو صفر تک لایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں، مہم کا مقصد او آر ایس اور زنک کی بروقت فراہمی اور تقسیم کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی میں اس کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ یہ مہم ریاست بھر میں بین محکمہ جاتی تال میل اور تعاون کے ساتھ چلائی جائے گی۔ جس میں محکمہ صحت کے ساتھ انٹیگریٹڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ اسکیم (آئی سی ڈی ایس) اور محکمہ تعلیم کا بھی فعال اور اہم کردار ہوگا۔ پروگرام کے دوران، آشا کارکنان گھروں کا دورہ کریں گے اور پانچ سال کی عمر تک کے ہر بچے کو او آر ایس کے ایک پیکٹ اور 14 زنک گولیوں کی تقسیم کو یقینی بنائیں گے۔ مہم کے تحت پانچ سال سے کم عمر کے تقریباً 94.1 کروڑ بچوں کے دو کروڑ 50 لاکھ گھروں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ وزیر نے کہا کہ مہم کے دوران آشا کارکنان والدین کو ڈائریا سے بچاؤ، ویکسینیشن، دودھ پلانے، اضافی خوراک، وٹامن 'اے' کی اہمیت اور او آر ایس۔ زنک کے ساتھ ساتھ او آر ایس بنانے کے طریقہ کار کے بارے میں بتائیں گے۔ اضلاع کے تمام نجی ہسپتالوں اور نرسنگ ہومز سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کے لیے او آر ایس زنک کارنر چلائیں۔


## بی جے پی-آر ایس ایس کی سوچ آئین مخالف ہے: کانگریس

نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کا نظریہ آئین مخالف ہے، اسی لیے ان کی طرف سے نئے دستور کا مطالبہ بار بار کیا جاتا رہا ہے لیکن اب اس نظریے کے لوگوں نے براہ راست حملہ کرتے ہوئے آئین کے دیباچے سے سماجی اور سیکولر الفاظ کو ہٹانے کا مطالبہ شروع کر دیا ہے کانگریس نے کہا کہ بی جے پی-آر ایس ایس کی آئین مخالف سوچ اب کھل کر سامنے آ گئی ہے، اسی لیے آر ایس ایس کے جنرل سکریٹری دتاتریہ ہوسبلے نے آئین کے دیباچے میں تبدیلی کا مطالبہ کیا ہے۔

# وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں خواتین کو با اختیار بنانے کی سمت میں کئی تاریخی فیصلے

## خواتین گرام پنچایتوں، پنچایت سمیتیوں اور ضلع پریشدوں میں 50 فیصد سے زیادہ قیادت کر رہی ہیں

پٹنہ، 27 جون 2025 ریاست کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کا شروع سے ہی یہ خواب رہا ہے کہ ریاست کی خواتین با اختیار بنیں اور سماجی تبدیلی کی علمبردار ہوں۔ ان کے عزم کو عملی جامہ پہنانے میں محکمہ پنچایتی راج کا کردار انتہائی قابل ستائش رہا ہے۔ ریاستی حکومت کا محکمہ پنچایتی راج سماج کے آخری طبقے کی آخری خاتون کو با اختیار بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ ریاست میں مثالی خواتین دوست گرام پنچایتوں کے طور پر تیار کرنے کے لیے منتخب کردہ 38 گرام پنچایتوں میں سے 29 کی قیادت خواتین عوامی نمائندوں کے ہاتھ میں ہے۔ پنچایتی راج کے وزیر کیدار پرساد گپتا نے 16 جون 2025 کو منعقدہ ورکشاپ میں واضح کیا کہ ریاست اور ملک کی مجموعی ترقی گرام پنچایتوں کی ترقی سے ہی ممکن ہے۔ اس نظریے سے خواتین عوامی نمائندوں کو نہ صرف حقوق دیے گئے بلکہ انہیں قابل رہنما بنانے کے لیے مسلسل تربیت اور نمائش کے پروگرام بھی چلائے جا رہے ہیں۔ انہیں ای گرام سوراج پورٹل، مالیاتی انتظام، انتظامی عمل اور سماجی قیادت کے مختلف پہلوؤں پر تربیت دی جاتی ہے۔ خواتین کے عالمی دن 2025 کے تناظر میں، نئی دہلی میں 5-4 مارچ کو 'ششکت



پنچایت-نیتری ابھیان' کا آغاز کیا گیا، جس میں بہار کی خواتین پنچایت نمائندوں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر تمام ریاستوں کے تمام اضلاع میں ایک گرام پنچایت کو ایک مثالی خواتین دوست گرام پنچایت کے طور پر تیار کرنے کا اعلان کیا گیا۔ اس کے بعد 5 مارچ کو ریاستی سطح پر بھی ہر ضلع سے ایک گرام پنچایت کو ایک مثالی خواتین دوست گرام پنچایت کے طور پر منتخب کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں ریاست میں خواتین کو با اختیار بنانے کی سمت میں کئی تاریخی فیصلے لیے گئے ہیں۔ سال 2005 میں تین درجے پنچایتی راج اداروں اور شہری اداروں میں خواتین کو 50 فیصد ریزرویشن دینے کا فیصلہ اس سمت میں سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ اس کے نتیجے میں آج بہار کی پنچایتوں میں خواتین کی شرکت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ریاست کی 50 فیصد سے زیادہ گرام پنچایتوں، پنچایت سمیتیوں اور ضلع پریشدوں کی قیادت خواتین کر رہی ہیں۔ غور طلب ہے کہ سال 2024 میں بہار کی تین گرام پنچایتوں کو مختلف زمروں میں 'دین دیال اپادھیائے پنچایت ستت ڈیولپمنٹ ایوارڈ (قومی پنچایت ایوارڈ-2024) میں تیسرا مقام حاصل کرنے پر صدر جمہوریہ نے نوازا تھا۔ ایوارڈ کے لیے منتخب کردہ ان تین گرام پنچایتوں (درمیانی جگوار، پنہارا اور پراتھو) میں سے دو کی سربراہی خواتین مکھیا (نبھا کماری، پنہارا، جہان آباد اور ترپتی کماری، پراتھو، نالندہ) کر رہی ہیں۔ اتنا ہی نہیں، یوم قومی پنچایتی راج 2025 کے موقع پر، مدھوبنی ضلع کے جھنجھار پور بلاک کے اترلوہنا گرام پنچایت میں منعقد ایک پروگرام میں، وزیر اعظم نریندر مودی نے سمستی پور ضلع کے روسڑا بلاک کے موتی پور گرام پنچایت کو 'کلائمیٹ ایکشن خصوصی پنچایت ایوارڈ 2025'' کے خصوصی زمرے میں تیسرا مقام حاصل کرنے کے لیے اعزاز سے نوازا۔ اس گرام پنچایت کی قیادت پریما دیوی کرتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت اور محکمہ پنچایتی راج کی وابستگی کی وجہ سے آج ریاست کی خواتین دیہی ترقی کی پرچم بردار بن کر ابھری ہیں۔

